خطوط

ترتیب:قاری ثناء اللہ خان

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته وبعد ،،،

شكرالكم وفرحابكم فان خدمتكم فى العصر الحاضر اظهر من الشمس ولا ينكراحد منها وهذا الجد منكم فى هذا الزمان لمسلك الاحناف انفع وارفع وهكذا جدكم بهذه الرسالة المفيدة انفع لعلماء الاحناف وطلبتهم .والنافع يكرم المنفع وهكذاكل منهم يكرم هذاالكتاب. ويطالعه بفكر وتدبرٍ والسلام ! جزاكم الله احسن الجزاء.

از محمد شريف

مکرمی جناب رئیس التحریر صاحب دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته' وبعد ،،،

آنجناب کاارسال کردہ پرمغزو قیع علمی مضامین پر مشتمل گرانقدر علمی سہ ماہی مجلّہ "المباحث الاسلامیہ" موصول ہوگیاارسال فرمانے کا بے حد شکریہ زرِسالانہ کی ادائیگی پیشگی ہوچکی ہے امید ہے کہ آئندہ بھی رسالہ کی ترسل کا سلسلہ جاری رہیگاجامعة الصالحات کاوسیع حلقۂ احباب" المباحث الاسلامیہ" کی ظاہری وباطنی خوبیوں کامداح ہونے کے ساتھ ساتھ اس کی کامیابی وترقی کے لئے دعا گو ہے۔اللہ تعالیٰ اس رسالہ کوعوام وخواص میں قبولیت نامہ اورآنجناب وجملہ معاونین ومنتظمین کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔آمین اس رسالے کے ساتھ ہمیشہ کی وابستگی کوہم اپنے لئے سعادت سمجھتے ہیں۔والسلام مفتی حبیب اللہ مدیر جامعہ الصالحات للبنات مانسہرہ

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته' وبعد ،،،

آپ حضرات کی خدمت عامہ سے بہت سے علماء عظام اورطلبہ کرام مستفید ہوئے۔اوریہ" المباحث الاسلامیہ"رسالہ اگرچہ باعتبار ضخامت چھوٹی ہے۔لیکن فی الحقیقت مسلک احناف کی طرف سے ایک وکیل کی حیثیت سے کام کرسکتی ہے۔اوروکیل پر مؤکل کاپورابھروسہ ہےاس طرح اس رسالہ یعنی" کتاب" پرکام کرنے والوں کواللہ اجرِ عظیم دنیاوآخیرت میں عطافرمائیں۔والسلام

از:مولاناتاج محمد جامعہ دارالعلوم صفہ ٹاؤن چمن

مکرمی جناب مدیر صاحب المباحث الاسلامیہ

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته' ،،،

امید ہےآپ خیریت سے ہوں گے۔آپ کی جانب سے ارسال کردہ سہ ماہی "المباحث الاسلامیہ" موصول ہوا۔ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔"المباحث الاسلامیہ" ایک علمی وتحقیقی رسالہ ہے۔اگرآپ کے لئے ممکن ہوتواسے ہماری لائبریری کے لئے اعزازی طور پرجاری کروادیں۔تاکہ یہاں کےافراداورآنے والےاحباب اس سے مستفید ہوسکیں۔اللہ آپ کے کام کودن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔ والسلام

مفتی محمد سمیع (ڈائریکٹرایڈمنسٹریشن) المورد معھد العلم الاسلامی لاہور